سوال

(559) نبی ﷺ پر درود کے لیے ''ص'' سے اشارہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رسول اللہ ﷺ پر صلوۃ وسلام کے لیے ''ص'' یا ''صلعم'' کے حروف لکھنے میں کوئی حرج ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

متاخرین کی کتابوں میں اس رمز کے بکثرت استعمال کے باوجود یہ غلط ہے کیونکہ صحیح بات یہ ہے کہ آپکی ذات گرامی پر صلوۃ وسلام کے لیے صلی اللہ علیہ وسلم کے حروف مکمل لکھے جائیں تاکہ قاری اسے پڑھ لے اور اس طرح لکھنے والے کو بھی اسکا اجر وثواب ملے گا بخلاف اشارہ و رمز کہ اس صورت میں قاری صلوۃ وسلام کو ترک کردیتا ہے یا وہ اسے رمز کی ہی صورت میں پڑھتا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص426